# قُضاة 2



Published by the Comic Bible Society, LLC
Copyright © 2021

Kingstone Comics maintains copyright to this comic book as provided by United States copyright law.

Print and digital copies of this version may be freely distributed without penalty under a Creative Commons license.


اور ایک بار پھر بنی اِسرائیل نے خُداوند کے آگے بدی کی اور
خداوند کی طرف پشت پھیر لی۔
اور اس وجہ سے، خُداوند نے اُن کو سات برس تک مِدیانیوں کے ہاتھ میں رکھّا۔
اور مِدیانیوں کا ہاتھ اِسرائیلیوں پر غالِب ہُوا اور مِدیانیوں کے سبب سے
بنی اِسرائیل نے اپنے لِئے پہاڑوں میں کھوہ اور غار اور قلعے بنا لِئے۔
اور جب بنی اِسرائیل کُچھ بوتے تھے تو مِدیانی اور عمالیقی اور اہلِ مشرِق اُن پر چڑھ آتے تھے۔
اور بنی اِسرائیل کے لِئے نہ تو کُچھ مُعاش نہ بھیڑ بکری نہ گائے بَیل نہ گدھا چھوڑتے تھے۔
سو اِسرائیلی مِدیانیوں کے سبب سے نہایت خستہ حال ہو گئے
اور بنی اِسرائیل خُداوند سے فریاد کرنے لگے۔
تو خُداوند نے ایک نبی کو بھیج کر جواب دیا۔
خُداوند اِسرائیل کا خُدا یُوں فرماتا ہے کہ مَیں تُم کو مِصر سے لایا اور مَیں نے تُم کو غُلامی کے گھر سے باہر نِکالا۔ اور پھر بھی میری بات نہیں سنتے۔
میں نے تم سے کہا تھا کہ اِس زمین کے خداؤں کی پرستش مت کرنا لیکن تم نے میری نہ سنی۔



اور خدا نے اپنے لوگوں کی مصیبتوں کا جواب دیا۔
اَے زبردست سُورما! خُداوند تیرے ساتھ ہے۔
اگر خُداوند ہی ہمارے ساتھ ہے تو ہم پر یہ سب حادِثے کیوں گُذرے؟
اور اُس کے وہ سب عجِیب کام کہاں گئے جِن کا ذِکر ہمارے باپ دادا ہم سے کرتے تھے؟
اب تو خُداوند نے ہم کو چھوڑ دِیا اور ہم کو مِدیانیوں کے ہاتھ میں کر دِیا۔
تُو اپنے اِسی زور میں جا اور بنی اِسرائیل کو مِدیانیوں کے ہاتھ سے چُھڑا۔
اَے مالِک! مَیں کِس طرح بنی اِسرائیل کو بچاؤں؟ میرا گھرانا منسّی میں سب سے غرِیب ہے اور مَیں اپنے باپ کے گھر میں سب سے چھوٹا ہُوں۔
مَیں ضرُور تیرے ساتھ ہُوں گا اور تُو مِدیانیوں کو اَیسا مارے گا جَیسے ایک آدمی کو۔


اب اگر مُجھ پر تیرے کرم کی نظر ہُوئی ہے تو اِس کا مُجھے کوئی نشان دِکھا کہ مُجھ سے تُو ہی باتیں کرتا ہے اور مَیں تیری منّت کرتا ہُوں کہ تُو یہاں سے نہ جا جب تک مَیں تیرے پاس پِھر نہ آؤں۔
میں ایسا ہی کرونگا۔
میں ایفہ آٹے کی فطیری روٹیاں اور گوشت کو قربانی کے طور پر اپنے خداوند کے حضور لایا ہوں۔
اِس گوشت اور فطِیری روٹِیوں کو لے جا کر اُس چٹان پر رکھ۔
افسوس ہے اَے مالِک خُداوند! کہ مَیں نے خُداوند کے فرِشتہ کو رُوبرُو دیکھا۔
تیری سلامتی ہو! خوف نہ کر۔ تُو مَرے گا نہیں۔
تب جِدعُون نے وہاں خُداوند کے لِئے مذبح بنایا۔
اور اُس کا نام یہوواہ سلوم رکھّا۔


اور اُسی رات خُداوند جدعون سے دوبارہ ہمکلام ہوا۔۔۔
''بعل کے مذبح کو جو تیرے باپ کا ہے ڈھادے۔۔۔''
''۔۔۔اور اُس کے پاس کی یسیرت کو کاٹ ڈال۔''
اور خُداوند اپنے خُدا کے لئے اِس گڑھی کی چوٹی پر قاعِدہ کے مُطابِق ایک مذبح بنا۔
جدعون رات کے وقت ایسا کیوں کر رہا ہے؟
وہ اپنے خاندان۔اور شہر کے مردوں سے خوفزدہ تھا۔
اگلی صبح۔۔۔
یہ کس نے کیا؟
یُوآس کے بیٹے جِدعون نے یہ کام کِیا ہے۔
اُسے اس کی قیمت ادا کرنی ہوگی۔ اِس سے بعل سخت ناراض ہوگا۔ ہم یوآس کے پاس جائیں گے۔


اپنے بیٹے کو نِکال لا تا کہ قتل کِیا جائے
اِس لِئے کہ اُس نے بعل کا مذبح ڈھا دِیا اور
اُس کے پاس کی یسیرت کاٹ ڈالی
ہے۔
کیا تُم بعل کے
واسطے جھگڑا کرو گے؟
اگر بعل خُدا ہے تو آپ ہی اپنے لِئے جھگڑے
کیونکہ کِسی نے اُس کا مذبح ڈھا دِیا ہے۔
اِس لِئے اُس نے اُس دِن جِدعون کا نام یہ کہہ کر یرُبّعل رکھا کہ بعل
آپ اِس سے جھگڑ لے اِس لِئے کہ اِس نے اُس کا مذبح ڈھا دِیا ہے۔
لیکن بنی اسرائیل کے لوگ بہت زیادہ خوفزدہ ہو گئے۔
تب سب مِدیانی اور عمالیقی اور اہلِ مشرِق اِکٹھے ہُوئے اور
پار ہو کر یزرعیل کی وادی میں اُنہوں نے ڈیرا کِیا۔ تا کہ ایک
مرتبہ پھر سے وہ بنی اسرائیل پر چڑھائی کرے اور راستے کی
تمام چیزوں کو نیست کرے۔


تمام ملک میں نرسِنگا پُھونکا جائے۔ میں چاہتا ہوں کہ تمام اسرائیلی مدیانیوں کے خلاف جنگ کے لئے اکٹھے ہوں۔
اے خُدا کیا سچ میں تُو اپنے قَول کے مُطابِق میرے ہاتھ کے وسِیلہ سے بنی اِسرائیل کو رہائی دینا چاہتا ہے؟
تو دیکھ مَیں بھیڑ کی اُون کھلِیہان میں رکھ دُوں گا۔
سو اگر اوس فقط اُون ہی پر پڑے اور آس پاس کی زمِین سب سُوکھی رہے تو مَیں جان لُوں گا کہ تُو میرے ساتھ ہے۔
اگلی صبح۔۔۔
مَیں فقط ایک بار اَور عرض کرتا ہُوں۔
اب صِرف اُون ہی اُون خُشک رہے اور آس پاس کی سب زمِین پر اوس پڑے۔
خدا جانتا تھا کہ اس کے ایمان کو مضبوطی کی ضرورت ہے اور اگلے دن اُس نے بڑے احسن انداز سے اُس کی درخواست کا جواب دیا۔
سچ میں اے خدا تو میرے ساتھ ہے۔


کسی بھی دانشمند راہنما کے طور پر، جدعون نے اپنی جنگ کا منصوبہ تیار کیا تا کہ وہ مدیان کی فوج کا سامنا کرے۔
لیکن خدا کا منصوبہ اِس سے قدرِ مختلف تھا۔۔۔
تیرے ساتھ کے لوگ اِتنے زِیادہ ہیں کہ مَیں مِدیانیوں کو اُن کے ہاتھ میں نہیں کر سکتا۔
ایسا نہ ہو کہ اسرائیلی میرے سامنے اپنے اُوپر فخر کر کے کہنے لگیں کہ ہمارے ہاتھ نے ہم کو بچایا۔۔۔
جو کوئی ترسان اور ہراسان ہو وہ لَوٹ کر کوہِ جِلعاد سے چلا جائے۔
اور جو دس ہزار باقی رہ گئے۔ اور جدعون مدیانیوں کے مقابلے کے لئے آگے بڑھا۔


تب خُداوند نے جِدعون سے کہا کہ لوگ اب بھی زِیادہ ہیں سو تُو اُن کو چشمہ کے پاس نیچے لے آ اور وہاں مَیں تیری خاطِر اُن کو آزماؤں گا۔
اور اَیسا ہو گا کہ جِس کی بابت مَیں تُجھ سے کہُوں کہ یہ تیرے ساتھ جائے وُہی تیرے ساتھ جائے اور جِس کے حق میں مَیں کہُوں کہ یہ تیرے ساتھ نہ جائے وہ نہ جائے۔
جو جو اپنی زُبان سے پانی چپڑ چپڑ کر کے کُتّے کی طرح پیئے اُس کو الگ رکھ اور وَیسے ہی ہر اَیسے شخص کو جو گُھٹنے ٹیک کر پیئے۔
اِن تین سَو آدمیوں کے وسیلہ سے جِنہوں نے چپڑ چپڑ کر کے پِیا تُم کو بچاؤں گا اور مدیانیوں کو تیرے ہاتھ میں کر دُوں گا۔
اور باقی سب لوگ اپنی اپنی جگہ کو لَوٹ جائیں۔
اس سے ہم صرف 300 آدمی رہ جائیں گے۔
اُن تین سو لوگوں کو نرسِنگا اور باقی کا سامان دو۔


اُٹھ اور نیچے لشکر گاہ میں اُتر جا کیونکہ مَیں نے اُسے تیرے ہاتھ میں کر دِیا ہے۔
لیکن اگر تُو نیچے جاتے ڈرتا ہے تو تُو اپنے نوکر فُوراہ کے ساتھ لشکر گاہ میں اُتر جا۔ اور تُو سُن لے گا کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں۔
مَیں نے ایک خواب دیکھا ہے کہ جَو کی ایک روٹی مِدیانی لشکر گاہ میں گری۔
اور لُڑھکتی ہُوئی ڈیرے کے پاس پُہنچی اور اُس سے اَیسی ٹکرائی کہ وہ گر گیا اور اُس کو اَیسا اُلٹ دِیا کہ وہ ڈیرا فرش ہو گیا۔
یہ یُوآس کے بیٹے جِدعون اِسرائیلی مَرد کی تلوار کے سِوا اور کُچھ نہیں۔
خُدا نے مِدیان کو اور سارے لشکر کو اُس کے ہاتھ میں کر دِیا ہے۔


اے خدا بلند و بالا، تو سچ مچ اپنے لوگوں کو نہیں بھولا،
تُو نے اپنے لوگوں۔ بنی اسرائیل کے حق میں میری دعا سنی ہے۔
جلدی۔ میرے پیچھے آؤ!
اُٹھو! کیونکہ خُداوند نے مِدیانی لشکر کو تُمہارے ہاتھ میں کر دِیا ہے۔

قضاة 15:7


اُن سبھوں کے ہاتھ میں
ایک ایک نرسِنگا اور اُس کے
ساتھ ایک ایک خالی گھڑا دِیا اور
ہر گھڑے کے اندر ایک
مشعل تھی۔
جدعون ہمیں بتائے گا
آگے کیا کرنا ہے۔
لوگوں کو سو سو کے تین گروہوں
میں تقسیم کردو۔
مُجھے دیکھتے رہنا اور وَیسا ہی کرنا اور
دیکھو! جب مَیں لشکرگاہ کے کنارے
جا پہنچُوں تو جو کُچھ مَیں کرُوں تُم بھی
وَیسا ہی کرنا۔
سو بِیچ کے پہر کے شرُوع میں جب نئے پہرے والے
بدلے گئے تو جِدعون اور وہ سَو آدمی جو اُس کے ساتھ تھے
لشکرگاہ کے کنارے آئے۔


یہوؔواہ کی اور جِدؔعون کی تلوار!


اور یہ سب کے سب اپنی اپنی جگہ کھڑے ہو گئے۔
اور تین سَو نرسِنگوں کی آواز سے خُداوند نے اُس سارے لشکر میں خوف وہراس
پھیلا دیا۔اور اسی الجھاو میں وہ ایک دوسرے کو مارنے لگے۔
قضاۃ 7:19-22


تب اُس نے اسرائیل کے تمام قبائل کو اکٹھا کیا تا کہ وہ جنگ میں اُس کا ساتھ دیں اِس سے پہلے کہ مدیانی دوبارہ اکٹھے ہوں۔
قاصد نفتالی اور آشر اور منسّی کے قبائل کی راہ میں ہیں۔
اور جِدعون نے اِفرائیم کے تمام کوہستانی مُلک میں قاصِد روانہ کیئے اور کہلا بھیجا کہ مدیانیوں کے مُقابلہ کو اُتر آؤ اور اُن سے پہلے پہلے دریای یردن کے گھاٹوں کو پار کر کے ہمارے ہاتھوں سے نکل جائیں۔
ہمارے آدمیوں نے گھاٹی پر قبضہ کر لیا ہے۔
اور اُنہوں نے مِدیان کے دو سرداروں عوریب اور زئیب کو پکڑ لیا۔ دو مدیانی سردار جن کی ہمیں تلاش تھی۔
تُو نے ہم سے یہ سلُوک کیوں کِیا کہ جب تُو مِدیانیوں سے لڑنے کو چلا تو ہم کو نہ بُلوایا۔
پس تُمہاری طرح مَیں کر ہی کیا سکا ہُوں؟
خُدا نے مِدیان کے سردار عوریب اور زئیب کو تُمہارے ہاتھ میں کر دِیا۔
اپنے حسد کرنے والے بھائیوں کا غُصّہ دِھیما کرنے کے بعد۔ جِدعون اور اُس کے تین سَو تھکے ماندہ آدمیوں نے یردن پار کیا۔
تب وہ سُکّات کے شہر آئے۔

قضاة 7:22-8:5


اِن لوگوں کو جو میرے پَیرو ہیں روٹی دو کیونکہ یہ تھک گئے ہیں اور مَیں مِدیان کے دونوں بادشاہوں کا پیچھا کر رہا ہُوں۔
کیا زِبح اور ضلمنع کے سر اب تیرے قبضہ میں آ گئے ہیں؟
ہم تیرے لشکر کو روٹیاں کیوں دیں؟
جب خُداوند زِبح اور ضلمنع کو میرے ہاتھ میں کر دے گا تو مَیں تُمہارے گوشت کو بیول اور سداگُلاب کے کانٹوں سے نُچواؤں گا۔
یقیناً، فنوایل کے لوگ ہماری مدد کو آئیں گے۔
سو اگر تم نے میرے آدمیوں کی مدد کرنے سے انکار کیا تو جب مَیں سلامت لَوٹوں گا تو اِس بُرج کو ڈھا دُوں گا۔


مدیانیوں کے ایک لاکھ بیس ہزار شمشیرزن مَرد اپنے ڈیروں میں قتل ہو گئے تھے۔
لیکن زِبح اور ضلِمنع اپنے قرِیباً پندرہ ہزار آدمیوں کے لشکر سمیت قرقُور میں تھے کیونکہ فقط اِتنے ہی اہلِ مشرِق کے لشکر میں سے بچ رہے تھے۔۔۔
مدیانی باشاہوں نے دوبارہ اکٹھا کرلیا ہوگا۔
ہمارا جونُبح اور یگبہاہ کے مشرِق کی طرف ڈیرے لگانا اُن کو حیران کرنے کا بہترین حربہ ہوگا۔
اوراب، سکات اور فنوایل کے لوگوں کو مُجھے جواب دینا ہوگا۔

قضاۃ 8:10-13


ہمیں سُکّات شہر کے تمام سرداروں اور بزرگوں کا نام بتاؤ۔
زِبح اور ضلمنع کو دیکھ لو جن کی بابت تُم نے طنز کیا تھا اور میرے آدمیوں کو روٹی دینے سے انکار کیا تھا۔
انہیں اتنے کوڑے مارو کہ پھر کبھی اگر اِن کو اپنے دفاع کرنے والوں کی مدد کرنے کا موقع ملے تو یہ اِس بات کو یاد رکھیں۔
اور اب فنوایل کے مردوں کو اُس کی قیمت ادا کرنا ہوگی۔
اور اُس نے فنوایل کا بُرج ڈھا کر اُس شہر کے لوگوں کو قتل کیا۔
میں چاہتا ہوں کہ سب جان لیں کی نافرمانی کی کیا سزا ہے۔


وہ لوگ جِن کو تُم نے تبُور میں قتل کِیا کیسے تھے؟
جَیسا تُو ہے وَیسے ہی وہ تھے۔ اُن میں سے ہر ایک شہزادوں کی مانِند تھا۔
وہ میرے بھائی میری ماں کے بیٹے تھے۔
سو خُداوند کی حیات کی قَسم اگر تُم اُن کو جِیتا چھوڑتے تو مَیں بھی تُم کو نہ مارتا۔
اے میرے بیٹے یتر اپنی تلوار نکال اور اِن دونوں بادشاہوں کو اپنے ہاتھوں سے قتل کر دے۔
تُو آپ اُٹھ کر ہم پر وار کر۔
"کیونکہ جَیسا آدمی ہوتا ہے، وَیسی ہی اُس کی طاقت ہوتی ہے۔"



اسرائیل کے لوگ جدعون کے پاس آئے۔
تُو ہم پر حکُومت کر۔ کیونکہ تُو نے ہم کو مِدیانیوں کے ہاتھ سے چُھڑایا۔
نہ مَیں تُم پر حکُومت کرُوں گا اور نہ میرا بیٹا۔
خُداوند ہی تُم پر حکُومت کرے گا۔
”مَیں تُم سے یہ عرض کرتا ہُوں کہ تُم میں سے ہر شخص اپنی لُوٹ کی بالیاں مُجھے دے دے۔“
اور جِدعون نے اُن سے ایک افُود بنوایا اور اُسے اپنے شہر عُفرہ میں رکھا۔
اور وہاں سب اِسرائیلی اُس بت کی پَیروی میں زِناکاری کرنے لگے اور وہ جِدعون اور اُس کے گھرانے کے لِئے پھندا ٹھہرا۔
اور جِدعون کے ستّر بیٹے تھے جو اُس ہی کے صُلب سے پَیدا ہُوئے تھے کیونکہ اُس کی بُہت سی بِیویاں تھیں۔
یُوں مِدیانی بنی اِسرائیل کے آگے مغلُوب ہُوئے اور اُنہوں نے پھر کبھی سر نہ اُٹھایا اور جِدعون کے دِنوں میں چالیس برس تک اُس مُلک میں امن رہا۔
اور جِدعون کے مَرتے ہی بنی اِسرائیل برگشتہ ہو کر بعلیم کی پَیروی کرنے لگے۔


اور اپنی بیویوں کے علاوہ بھی جدعون کی سِکم میں ایک حرم بھی تھی اُس سے ایک بیٹا ہُوا اور اُس نے اُس کا نام ابی ملِک رکھّا۔
جب وہ بڑا ہوا تو اُس شہر کے لوگوں کے پاس گیا جہاں وہ رہتا تھا۔
سِکم کے لوگو، تُمہارے لِئے کیا بہتر ہے؟
کہ یرُبعّل کے سب بیٹے جو ستّر آدمی ہیں وہ تُم پر سلطنت کریں یا یہ کہ ایک ہی کی تُم پر حکُومت ہو؟
اور یہ بھی یاد رکھّو کہ مَیں تُمہاری ہی ہڈّی اور تُمہارا ہی گوشت ہُوں۔
سکم کے لوگوں نے فیصلہ کیا کہ وہ ابی ملک کی پیروی کریں گے۔
اور اُنہوں نے بعل برِیت کے گھر میں سے چاندی کے ستّر سِکّے اُس کو دِئے۔


ابی مِلِک نے اُن پیسوں سے شُہدے اور بد معاش لوگوں
کو اپنے ہاں لگالِیا جو اُس کی پَیروی کرنے لگے۔
پھر وہ ایک خطرناک قاتلانہ حملہ کرنے کو گیا۔۔۔
اور وہ عُفرہ میں اپنے باپ کے گھر گیا اور اُس نے اپنے بھائِیوں
یرُبّعل کے بیٹوں کو جو ستّر آدمی تھے ایک ہی پتّھر پر قتل کِیا۔
سوائے ایک جو یرُبّعل کا چھوٹا بیٹا یُوتام ہے کیونکہ وہ چِھپ گیا تھا۔


تب سِکم کے سب آدمی اور سب اہلِ مِلّو جمع ہُوئے اور جا کر اُس سُتُون کے بلُوط کے پاس جو سِکم میں تھا ابی ملِک کو بادشاہ بنایا۔
لیکن اُنہوں نے وہاں کسی اور کو بھی موجود پایا۔
اَے سِکم کے لوگو میری سُنو! تا کہ خُدا تُمہاری سُنے۔
ایک زمانہ میں درخت چلے تا کہ کِسی کو مَسح کر کے اپنا بادشاہ بنائیں۔
تب زَیتُون کے درخت نے اُن سے کہا کیا مَیں اپنی چِکناہٹ کو جِس کے باعِث میرے وسِیلہ سے لوگ خُدا اور اِنسان کی تعظِیم کرتے ہیں چھوڑ کر درختوں پر حُکمرانی کرنے جاؤں؟
انجیر کے درخت نے اُن سے کہا کیا مَیں اپنی مِٹھاس اور اچّھے اچّھے پَھلوں کو چھوڑ کر درختوں پر حُکمرانی کرنے جاؤں؟
انگُور کی بیل نے اُن سے کہا کیا مَیں اپنی مَے کو جو خُدا اور اِنسان دونوں کو خُوش کرتی ہے چھوڑ کر درختوں پر حُکمرانی کرنے جاؤں؟
تب اُن سب درختوں نے اُونٹ کٹارے سے کہا چل تُو ہی ہم پر سلطنت کر۔
اُونٹ کٹارے نے درختوں سے کہا اگر تُم سچ مُچ مُجھے اپنا بادشاہ مَسح کر کے بناؤ تو آؤ میرے سایہ میں پناہ لو اور اگر نہیں تو اُونٹ کٹارے سے آگ نِکل کر لُبنان کے دیوداروں کو کھا جائے۔

قضاة 9:6-15


سو بات یہ ہے کہ تُم نے جو ابی مَلِک کو بادشاہ بنایا ہے اِس میں اگر تُم نے راستی وصداقت برتی ہے اور یرُبّعل اور اُس کے گھرانے سے اچّھا سلُوک کِیا اور اُس کے ساتھ اُس کے اِحسان کے حق کے مُطابِق برتاؤ کِیا ہے۔
اور سوچو کیوں میرا باپ تُمہاری خاطِر لڑا اور اُس نے اپنی جان جوکھوں میں ڈالی اور تُم کو مِدیان کے ہاتھ سے چُھڑایا۔۔
اور تُم نے آج میرے باپ کے گھرانے سے بغاوت کی اور اُس کے سّتّر بیٹے ایک ہی پتّھر پر قتل کِئے اور اُس کی لَونڈی کے بیٹے ابی مَلِک کو سِکم کے لوگوں کا بادشاہ بنایا اِس لِئے کہ وہ تُمہارا بھائی ہے۔
سو اگر تُم نے یرُبّعل اور اُس کے گھرانے کے ساتھ آج کے دِن راستی اور صداقت برتی ہے تو تُم ابی مَلِک سے خُوش رہو اور وہ تُم سے خُوش رہے۔
اور اگر نہیں تو ابی مَلِک سے آگ نِکل کر سِکم کے لوگوں کو اور اہلِ مِلّو کو کھا جائے اور سِکم کے لوگوں اور اہلِ مِلّو کے بِیچ سے آگ نِکل کر ابی مَلِک کو کھا جائے۔



قضاة 9:16-21


تین سال بعد، خُدا نے ابی ملِک اور سِکم کے لوگوں کے درمیان ایک بُری رُوح بھیجی۔
یہ اُس نے اس لئے کیا تا کہ وہ جدعون کے ستر بیٹوں کے خلاف ہونے والے ظلم کا بدلہ لے۔
سِکم کے لوگوں نے پہاڑوں کی چوٹیوں پر اُس کی گھات میں لوگ بٹھائے اور وہ اُن کو جو اُس راستہ پاس سے گذرتے لُوٹ لیتے تھے۔
اس کے علاوہ وہ اور راہنما پر اپنا اعتماد قائم کرنے لگے۔
میرا ووٹ جعل بن عبد اور اس کے بھائیوں کے ساتھ ہے تا کہ وہ ہماری قیادت کرسکیں۔
میں بھی ایسا ہی کرتا، ہمیں اپنے راہنما کو چننا چاہیے۔


اور سکم کے لوگوں نے خُوب خُوشی منائی اور اپنے دیوتا کے مندر میں جا کر کھایا پِیا اور اُن کو کچل دیا۔
ابی ملِک کَون ہے اور سِکم کَون ہے کہ ہم اُس کی اِطاعت کریں؟
ہم اپنے مستقبل اور اپنے راہنماؤں کے متعلق خود فیصلہ کر سکتے ہیں۔
کیا وہ یرُبّعل کا بیٹا نہیں اور کیا زبُول اُس کا منصب دار نہیں؟
ہم ابی ملک کی اِطاعت کیوں کریں؟
بالکل ٹھیک کہا!
کاش کہ یہ لوگ میرے ہاتھ کے نیچے ہوتے!
ہم تیرے ساتھ رہیں گے!
پھر مَیں ابی ملِک کا خاتمہ کر سکتا ہوں۔
میں ابی ملک سے کہوں گا۔ ''اپنی پوری فوج کو لے آ۔''
میرا یہ پیغام ابی ملک تک پہنچا دو۔
جعل شہر کو تُجھ سے بغاوت کرنے کی تحرِیک کر رہا ہے۔ پس تُو اپنے ساتھ کے لوگوں کو لے کر رات کو اُٹھ اور مَیدان میں گھات لگا کر بَیٹھ جا۔


دیکھ پہاڑوں کی چوٹیوں سے لوگ اُتر رہے ہیں۔
تُجھے پہاڑوں کا سایہ اَیسا دِکھائی دیتا ہے جیسے آدمی۔
دیکھ مَیدان کے بیچوں بیچ سے لوگ اُترے آتے ہیں اور ایک غول معونیم کے بلُوط کے راستہ آ رہا ہے۔
اب تیرا وہ مُنہ کہاں ہے جو تُو کہا کرتا تھا کہ ابی ملِک کَون ہے کہ ہم اُس کی اِطاعت کریں؟
کیا یہ وُہی لوگ نہیں ہیں جِن کی تُو نے حقارت کی ہے؟
سو اب ذرا نکل کر اُن سے لڑ تو سہی۔


وہ ہمارے مقابلے میں بہت زیادہ ہیں۔اور بہت طاقتور بھی!
جتنا ہم نے سوچا تھا اُس سے بھی زیادہ طاقتور ہیں!
وہ بھاگ رہے ہیں، جیسا کہ میں جانتا ہوں کہ وہ ایسا کریں گے۔ ان کا پیچھا کرو۔ جہاں تک تم کر سکتے ہو!
جنگ کے بعد اگلے دن سکم کے شہری کھانا جمع کرنے کے لیے میدان میں آئے۔
ابی ملک کے آدمی ابھی بھی یہاں ہیں۔
ابی ملک اور اس کے آدمیوں نے شہر کو مسمار کر دیا۔ یہاں تک کہ وہاں زمین پر نمک کو بکھیر دیا تا کہ کچھ نہ اُگ سکے۔


سکم کے باقی لوگ الِبرِیت کے مندر کے قلعہ میں جا گُھسے۔
جو کُچھ تُم نے مُجھے کرتے دیکھا ہے تُم بھی جلد وَیسا ہی کرو۔
آہ
ہماری مدد کرو۔
اُس دن جو لوگ ابی ملک کے ہاتھ سے مرے وہ قرِیباً ایک ہزار تھے۔
یوں یُوتام کی لعنت کا پہلا حصہ سچ ثابت ہوا۔ ابی ملک سے آگ نکلی اور اُس نے سکم کے لوگوں کو تباہ کر دیا۔


تیبِض کے شہر کے سب باشِندے ایک محکم برج میں جا گھسے اور دروازہ بند کر لیا۔
ہم اسے بھی جلا دیں گے۔ جیسا ہم نے سکم کے ساتھ کیا تھا۔
میرے راستے سے ہٹ جاؤ۔
ابی ملک کے لئے ایک تحفہ ہے۔
ارے نہیں۔۔۔



میں نہیں لوں گا۔
اپنی تلوار کھینچ کر مجھے قتل کر ڈال تا کہ میرے حق میں لوگ یہ نہ کہنے پائیں کہ ایک عورت نے اُسے مار ڈالا۔
اور یوتام کی نبوت کا باقی حصہ یُوں پورا ہوا کہ خُدا نے ابی ملِک کی اُس شرارت کا بدلہ جو اُس نے اپنے ستّر بھائیوں کو مار کر اپنے باپ سے کی تھی، اُس کو دِیا۔
اور ابی ملِک کے بعد تولع بِن فُوّہ بِن دودو جو اِشکار کے قبیلہ کا تھا وہ تیئیس برس اِسرائیلیوں کا قاضی رہا۔
اِس کے بعد جلعادی یائیر قاضی بنا اور اُس کے تیس بیٹے تھے جو تیس جوان گدھوں پر سوار ہُوا کرتے تھے۔
اور وہ بائیس برس اِسرائیلیوں کی رہنمائی کرتا رہا۔


اور ایک بار پھر قوم بنی اِسرائیل نے خُداوند کے حُضور بدی کی اور اُس راستہ سے پھر گئے جو اُس نے موسیٰ کے ذریعے اُنہیں دکھایا تھا۔
اور وہ بعلیم اور عستارات اور ارام کے دیوتاؤں اور اُن تمام قوموں کے دیوتاؤں کی پرستش کرنے لگے جو اُن کے اردگرد آباد تھیں۔
تب خُداوند کا قہر اِسرائیل پر بھڑکا اور اُس نے اُن کو فِلستیوں کے ہاتھ اور بنی عمّون کے ہاتھ بیچ ڈالا۔ اور اُنہوں نے اٹھارہ برس تک اُن پر ظلم کیا۔
ہم نے کیوں ہمیشہ خداوند کو ترک کیا؟
وہ اُس کی جگہ اِن جھوٹے دیوتاؤں کی عبادت کرنے کی وجہ سے ہم سے ناراض ہے۔
یہی وجہ ہے کہ وہ ہمیں سزا دے رہا ہے۔
ہم نے خداوند کے حضور بہت بڑا گناہ کیا ہے۔
خدا نے نبیوں کو بھیجا جنہوں نے یہ پیغام دیا:
مَیں نے تُم کو مِصریوں اور اموریوں اور بنی عمّون اور فِلستیوں اور دوسری قوموں جنہوں نے تُم کو ستایا اُن کے ہاتھ سے رہائی نہیں دی؟



تُم جا کر اُن دیوتاؤں سے جن کو تُم نے اختیار کِیا ہے فریاد کرو۔
یہی تُمھاری مُصیبت کے وقت تُم کو چُھڑائیں!
ہم نے تو بہت بڑا گُناہ کِیا۔
سو جو کُچھ تیری نظر میں اچّھا ہو ہم سے کر پر آج ہم کو چُھڑا ہی لے۔
تو جانتا ہے کہ تجھے کیا کرنا چاہیے۔
تب یہ دیکھ کر کہ بنی اسرائیل کا دل خداوند کی طرف مائل ہوا ہے اُس نے اُن کو جواب دیا۔
پھر بنی عمُّون اِکٹّھے ہو کر اسرائیل پر چڑھ آئے اور جِلعاد میں خیمہ زن ہُوئے۔
تب جِلعاد کے لوگ اور سردار ایک دُوسرے سے کہنے لگے وہ کَون شخص ہے جو بنی عمُّون سے لڑنا شرُوع کرے گا؟ وُہی جِلعاد کے سب باشِندوں کا حاکم ہوگا۔


اور بنی اسرائیل کے لوگوں کے درمیان ایک زبردست سورما تھا۔ جس کا نام جلعادی اِفتاح تھا۔
جب وہ جوان ہوا تو اُسے جلعاد شہر سے نکال دیا گیا تھا۔
اگرچہ جلعادی اُس کا باپ تھا، لیکن اُس کی ماں کسبی تھی۔ اور اُس کے دوسرے بھائیوں نے اُسے جلعاد سے نکال دیا تھا۔
یہاں سے نکل جاؤ، تم ایک کسبی کے بیٹے ہو۔
ہمارے گھر میں تجھے کوئی میراث نہیں مِلے گی۔
اس نے جو کیا وہ بہترین کیا، لڑتے ہوئے، افتاح نے اپنے اردگرد کرائے کے فوجیوں کی ایک چھوٹی سی فوج تیار کر لی تھی۔
جِلعادی بزرگ اِفتاح کو ملنے کو آئے۔
کہ تُو چل کر ہمارا سردار ہو تاکہ ہم بنی عمّون سے لڑیں۔
کیا تُم نے مُجھ سے عداوت کر کے مُجھے میرے باپ کے گھر سے نِکال نہیں دِیا؟
سو اب جو تُم مُصیبت میں پڑ گئے ہو تو میرے پاس کیوں آئے؟
تُو ہمارے ساتھ چل کر بنی عمّون سے جنگ کر اور تُو ہی جلعاد کے سب باشِندوں پر ہمارا حاکِم ہو گا۔
اگر تُم مُجھے بنی عمّون سے لڑنے کو میرے گھر لے چلو اور خُداوند اُن کو میرے حوالہ کر دے تو کیا مَیں تُمہارا حاکِم ہُوں گا؟
خُداوند ہمارے درمیان گواہ ہو۔ یقِیناً جیسا تُو نے کہا ہے ہم وَیسا ہی کریں گے۔


اسرائیلی سردار کی طرف سے ایک پیغام آیا ہے۔
اُس نے پوچھا ہے کہ میں کیوں اُن کے مُلک پر حملہ کرنے آیا ہوں؟
اس لئے کہ یردن تک جو میرا مُلک تھا اُسے اُنہوں نے چھین لیا۔
سو میں صُلح وسلامتی سے اِسے واپس حاصل کرنا چاہتا ہوں۔
اُس نے بادشاہ کو یہ کہلا بھیجا۔
اِسرائیلی جب مِصر سے نِکلے تو اُنہوں نے نہ تو موآب کا مُلک اور نہ ہی بنی عمّون کا مُلک چھینا۔
کیا جو کُچھ تیرا دیوتا کموس تُجھے قبضہ کرنے کو دے تُو اُس پر قبضہ نہ کرے گا؟ اور ہم اس کے ساتھ بڑھیں گے کہ خدا نے ہمیں کیا دیا ہے۔
ہم پھر بیابان چھانتے ہُوئے آئے اور اموریوں کے سارے مُلک پر قبضہ کر لیا۔
تین سَو برس سے ہم ان قصبوں میں بسے ہوئے ہیں تو اِس عرصہ میں تُم نے اُن کو کیوں نہ چُھڑا لیا؟
پس خُداوند ہی جو مُنصِف ہے بنی اِسرائیل اور بنی عمّون کے درمیان آج اِنصاف کرے۔



خُداوند کی قوت سے لیس، افتاح بنی عمّون کی فوج کی طرف چلا۔
سردار سپاسالاروں میں ایک رواج یہ تھا کہ وہ جس خدا کی پرستش کرتے اگر وہ خدا اُنہیں فتح دے گا تو وہ اُس کے حضور کچھ قیمتی چیز چڑھائیں گے۔
لیکن افتاح نے ایک بہت بیوقوفی والی منت مانی۔
اگر تُو یقیناً بنی عمّون کو میرے ہاتھ میں کر دے۔ تو جب مَیں بنی عمّون کی طرف سے سلامت لَوٹوں گا اُس وقت جو کوئی پہلے میرے گھر کے دروازہ سے نِکل کر میرے اِستقبال کو آئے وہ خُداوند کا ہو گا اور مَیں اُس کو سوختنی قُربانی کے طَور پر گذرانُوں گا۔
جنگ افتاح اور اسرائیل کے لیے اچھی رہی۔
بیس قصبے جن پر قبضہ کر لیا گیا تھا اسرائیل کے ہاتھوں میں واپس آگئے۔
فتح یاب۔ افتاح اور اُس کی فوج گھر واپس آئے۔



اُس وقت اُس کی اکلوتی بیٹی اُس کے اِستقبال کو نِکل کرآئی۔
نہیں!!!
ہائے میری بیٹی تُو نے مُجھے سب آدمیوں میں پست کر دِیا۔
کیونکہ مَیں نے خُداوند کو زُبان دی ہے اور مَیں پلٹ نہیں سکتا۔
اَے میرے باپ تُو نے خُداوند کو زُبان دی ہے۔
اس لئے کہ خُداوند نے تیرے دُشمنوں بنی عمُّون سے تیرا اِنتقام لِیا۔
”میرے لِئے اِتنا کر دِیا جائے۔“
دو مہینے کی مُہلت مُجھ کو مِلے تا کہ مَیں جا کر پہاڑوں پر اپنی ہمجولیوں کے ساتھ اپنے کنوارے پن پر ماتم کرتی پھرُوں۔
سو بنی اِسرائیل میں یہ دستُور چلا کہ سال بسال اِسرائیلی عَورتیں جا کر برس میں چار دِن تک اِفتاح جِلعادی کی بیٹی کی یادگاری کرتی تھیں۔


یہ ہمارے اپنے لوگ ہیں۔
اِفرائیم کے لوگ۔
جب تُو بنی عمُّون سے جنگ کرنے کو گیا تو ہم کو ساتھ چلنے کو کیوں نہ بُلوایا؟
سو ہم تیرے گھر کو تُجھ سمیت جلائیں گے۔
میں نے تُم کو بُلوایا لیکن تم نے میری مدد نہ کی۔ اور جب مَیں نے یہ دیکھا کہ تُم مُجھے نہیں بچاتے تو مَیں نے اپنی جان ہتھیلی پر رکھی اور بنی عمُّون کے مُقابلہ کو چلا۔
تم تمام جلعادی بھگوڑے ہو۔
اس مرتبہ افتاح اپنے ہی لوگوں کے خلاف لڑا۔ اور غالب آیا۔
جنگ کے بعد کچھ افرائیمی یردن پار کر کے اپنے گھر جانے کی جستجو کرتے۔
افتاح کے مردوں نے ان کو دریافت کرنے کے لیے ایک دلچسپ منصوبہ تیار کیا۔



شِبُّلت تو بول۔
سِبُّلت۔
اس کا صحیح تلفُّظ اُنہیں دھوکہ دیتا۔ کوئی افرائیمی اس لفظ کو ٹھیک طرح سے نہیں بول سکتا تھا۔
اُسے پکڑ کر قتل کردو۔
سو اُس وقت بیالیس ہزار افرائیمی قتل ہوئے۔
اور پھر خانہ جنگی کا خاتمہ ہوا اور اُس جگہ امن ہوا۔
اور عمونیوں کو شکست دینے کے بعد اِفتاح چھ برس تک بنی اِسرائیل کا قاضی رہا۔ پھر جِلعادی اِفتاح نے وفات پائی۔
اور انہوں نے اُسے جِلعاد کے شہروں میں ہی دفن کیا۔
اور پھر اسرائیل کے تین مشہور قاضی آئے۔
اور افتاح کے بعد اُس کے تین جانشین البصان، ایلون اور عبدون، 25 سال حکمران رہے۔
قضاۃ 12:5-15

"THE BIBLE EXPLAINED IN EVERY LANGUAGE."





**SUPERBIBLE.TV**